"سیرتِ معاویہ"

پر سعید اسعد صاحب سے کچھ سوالات

سیدنا معاویہؓ کے حوالے سے سپیشل سیشن

سوالات کمینٹ سیکشن میں لکھیے

سعید اسعد سے سوال کی جرأت کیجیے!

0300 1234 966 پر واٹس ایپ کیجیے!

01) کس اموی سردار کو حضرت عمر فاروق نے ایک کافر بادشاہ سے تشبیہ دی تھی؟

02) کس ہستی کی مذمت میں صحابیٔ رسول حضرت قیس نے یہ جملہ کہا تھا کہ تم جاہلیت کے بتوں میں سے ایک بت ہو؟

03) سید التابعین حضرت حسن بصری نے کن چار خصائصِ معاویہ کے متعلق فرمایا تھا کہ ان میں سے ایک کا بھی ہونا خلق خدا کو ہلاک کرنے کے لئے کافی ہے؟

04) ام المؤمنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ نے کس بادشاہ کو فرعون ھذہ الامۃ کے لقب سے نوازا؟

05) مسلمانوں کے کس بادشاہ نے اہلِ مدینہ کے سامنے اقرار کیا کہ وہ تلوار کے ساتھ ان پر غالب آیا؟

06) یزید کی حکومت سے پہلے اہلِ مدینہ نے کس بادشاہ کی حکومت کو ناپسندیدہ جانا تھا؟

07) کس بادشاہ نے حضرت عثمانِ غنی کے قتل کا الزام حضرت علی المرتضیٰ پر لگایا؟

08) حضرت عمار بن یاسر کو شہید کروانے کے بعد کس نے کہا تھا کہ عمار کا قاتل وہ ہے جو اسے ہماری تلوار کے سامنے لایا؟

09) تنگدستی اور غربت کی شکایت پر کس نے میزبانِ رسول حضرت ابو ایوب انصاری کو تضحیک آمیز لہجے میں کہا؟ کہ نبی ﷺ نے جب صبر کا کہا ہے تو جاؤ پھر صبر کرو؟

10) محمد بن مسلمہ نے نبی کریم ﷺ کے کہنے پر کعب بن اشرف یہودی کو واصل جہنم کیا! اس پر طعن کرتے ہوئے کس نے کہا کہ یہودی (کعب بن اشرف) کو دھوکے سے قتل کیا گیا؟

11) کس مشہور ہستی کی ولدیت کے بارے میں علامہ زمخشری نے چار بندوں کا دعویدار ہونا لکھا ہے؟

12) خلافت راشدہ کے باغی کا نام بتائیں جس نے چھے ماہ تک حضرت علی المرتضیٰ کے مقابلے میں جنگ کی اور نتیجتاً ہزاروں مسلمان شہید ہوئے؟

13) کس اموی بادشاہ کی ماں نبی کریم ﷺ کی والدہ ماجدہ کے جسد اقدس کی بے حرمتی کرنے کے لئے ابوا کے مقام پر قبرِ انور تک پہنچ گئی؟

14) امام سیوطی نے تاریخ الخلفاء میں اسم معاویہ کے مفہوم کے متعلق ایک واقعہ لکھا، کیا اس کو بیان کرنا رفض ہے؟

15) حضرت معاویہ دن میں کتنی بار کھایا کرتے تھے اور کس مرض میں ان کی وفات ہوئی؟

16) کیا نبی کریم ﷺ صحابہ کو ناحق سبّ کرتے تھے؟

17) حضرت معاویہ نے اپنے والد ابو سفیان (جو صحابہ میں شامل ہیں) پر زنا کا الزام لگایا تھا، فقہا کی کتب میں اس مسئلے کو استلحاق زیاد کہا جاتا ہے، اس واسطے محتاط اکابر اسے زیاد بن ابیہ کہتے ہیں، کیا اس کو اجتہاد کہا جائے گا یا گناہ؟ کیوں کہ آپ اس جرم یعنی والد پر زنا کے الزام اور زیاد کے بھائی ہونے پر تادم مرگ قائم رہے۔

18) کس بادشاہ کے حکم پر امام علی پر سبّ و شتم کیا جاتا تھا؟

19) کس بادشاہ کی موجودگی میں امام حسن مجتبیٰ کی شہادت پر ان کو آگ کا انگارہ کہا گیا تھا؟

20) کس بادشاہ کے متعلق عبد الرحمن بن عبد رب کعبہ نے عبد اللہ بن عمرو سے کہا تھا کہ آپ کا چچا زاد بھائی حکم دیتا ہے کہ دوسروں کا مال ناحق طریقے سے کھاؤ اور لوگوں کو قتل کرو؟

21) کس بادشاہ کے سامنے مقدام نے کہا تھا کہ آپ کے ہاں سونا، ریشمی کپڑا اور درندوں کی کھال استعمال کی جاتی ہے ؟ حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے ان کاموں کو حرام قرار دیا ہے ؟

22) یزید کی امی میسون کے اشعار جو اس نے اپنے شوہر حضرت معاویہ کے بارے میں کہے تھے، آپ کو یاد ہیں ؟

23) حضرت عمار بن یاسر کو کس نے قتل کیا؟ اور رسول اللہ ﷺ نے قاتلِ عمار کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا تھا؟

24) حضرت عمار بن یاسر کی اپنی تجہیز و تکفین کے متعلق آخری وصیت کیا تھی ؟

25) کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت حجر بن عدی کو کس نے شہید کروایا اور انہوں نے اپنی شہادت سے قبل کیا الفاظ کہے تھے ؟

26) یزید کی بیعت کے لیے کس بادشاہ نے لوگوں کو رشوت دی ؟ حالانکہ رشوت لینا اور دینا حرام ہے۔

27) حضرت جابر اور ام المومنین سیدہ ام سلمہ نے کس بادشاہ کی بیعت کو گمراہی قرار دیا؟

28) بسر بن ابی ارطاۃ کس بادشاہ کا گورنر تھا؟ اور اس نے کس کے حکم پر سیدنا عبد اللہ بن عباس کے بھتیجوں کو ان کی ماں کے سامنے ذبح کر دیا تھا؟ جس کو دیکھ کر وہ دیوانی ہو گئیں تھیں۔

29) وہ کون سا بادشاہ تھا جس نے جب اپنا ولی عہد مقرر کیا تو سیدنا عبد الرحمان بن ابی بکر صدیق نے فرمایا یہ سنتِ صدیقی نہیں بلکہ ہرقل و قیصر کی سنت ہے؟

30) کس بادشاہ نے سیدنا عبد الرحمان بن ابی بکر کو نرم کرنے کے لئے رقم بطور رشوت بھیجی؟

31) سیدنا عبد اللہ بن بریدہ نے کس بادشاہ کے بارے میں بیان کیا؟ کہ جب وہ اس کے ہاں گئے تو اس نے کھانا کھایا اور شراب نوش کی۔

32) کس بادشاہ نے سیدنا ابن عمر کو کہا کہ وہ اس سے اور اس کے باپ (حضرت عمر فاروق) سے زیادہ خلافت کا حقدار ہے؟

33) کس شخص نے یزید سے پہلے مسلمان لشکر پر دریائے فرات کا پانی بند کیا؟

34) کس بادشاہ کے پوتے نے اقتدار ملنے پر یہ کہہ کر اقتدار کو ٹھکرا دیا کہ یہ مجھے نہیں چاہیے اور میرا باپ اور دادا دونوں اس کے حقدار نہیں تھے اور آج وہ دونوں اپنے گناہوں کی وجہ سے قبر کے عذاب میں مبتلا ہیں؟

35) تاریخِ اسلام میں سب سے پہلے کس بادشاہ کے لشکر نے مغلوب ہوتے وقت نیزوں پر قرآن اٹھایا؟

36) کس اموی خطیب نے جمعہ کا خطبہ خلافتِ سنت بیٹھ کر دینے کا معمول بنایا؟

37) کس بادشاہ کے خوف سے لوگوں نے دورانِ طواف تلبیہ (لبیک اللھم لبیک) پڑھنا چھوڑ دیا تھا؟

38) کس شخص کے بارے میں سیدنا ابن عباس نے فرمایا کہ اللہ ان لوگوں پر لعنت فرمائے انہوں نے بغضِ علی میں سنتِ رسول (تلبیہ) کو چھوڑ دیا ہے؟

39) کس بادشاہ نے حضرت سعد بن ابی وقاص کو سیدنا علی المرتضیٰ پر سبّ و شتم کرنے کا حکم دیا تھا؟

40) فقہائے کرام کے قول کے مطابق سب سے پہلے کس شخص نے تاویل باطل و فاسد کی؟

41) کس بادشاہ نے عمِّ رسول سیدنا امیر حمزہ کی قبر کشائی کرائی یہاں تک کہ کلہاڑی سید الشہداء کے پاؤں پر لگی اور خون جاری ہو گیا؟

42) اسلام میں سب سے پہلے کس بادشاہ کی فوج نے جاہلیت کی رسم کو زندہ کرتے ہوئے صحابیِ رسول کا سر کاٹ کر تن سے جدا کر دیا؟

43) وہ کون شخص تھا جس نے حدیثِ عمار (فرمانِ رسول ﷺ) سننے کے بعد عمرو بن العاص سے کہا تو اپنے ہی پیشاب میں پھسل رہا ہے؟

44) وہ کون سا بادشاہ تھا جس نے سب پہلے سنتِ رسول ﷺ اور اجماعِ صحابہ کے خلاف عمل کرتے ہوئے تنخواہوں میں سے زکوٰۃ وصول کی؟

45) وہ کون شخص تھا جس کے بارے میں سیدنا علی المرتضیٰ نے صبح کی نماز میں قنوتِ نازلہ پڑھتے ہوئے بددعا فرمائی؟

46) محدثِ کبیر امام عبد الرزاق نے کس شخص کے بارے میں فرمایا کہ اس کے ذکر سے ہماری مجلسوں کو گندا نہ کرو؟

47) وہ کون سا بادشاہ تھا جس کو خرید و فروخت کے مسئلہ پر صحابیِ رسول حضرت ابو درداء نے جب فرمانِ نبوی ﷺ سنایا کہ یہ جائز نہیں تو اس نے آگے سے جواب دیا میں اس میں کچھ حرج خیال نہیں کرتا؟

48) وہ کون شخص تھا جب اس نے وتر کی ایک رکعت پڑھی تو حضرت سیدنا عباس نے فرمایا کہ یہ اس گدھے نے کہاں سے لے لی؟

49) امام حسن مجتبیٰ اور امام حسین نے کس بادشاہ کے اقتدار کو فتنہ قرار دیا؟

50) امام اعظم ابو خنیفہ نے کس کے بارے میں فرمایا کہ اگر ہم اس دور میں ہوتے تو اس کے خلاف جنگ کرتے؟